سوال

(86) رمضان میں نمازِ ظہر کے بعد مسواک کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رمضان کے دنوں میں نمازِ ظہر کے بعد مسواک کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزے کی حالت میں مسواک کرنا جائز ہے۔ رمضان میں مسواک ہر وقت کرنی جائز ہے۔ ظہر سے پہلے ہو یا بعد۔ حدیث میں ہے:

’رَأَیتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ مَا لَا أُحصِی یَتَسَوَّكُ، وَهُوَ صَائِمٌ‘ سنن الترمذی، بَابُ مَا جَاءَ فِی السِّوَاكِ لِلصَّائِمِ، رقم: ۲۵،

’’میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ روزہ کی حالت میں کثرت سے مسواک کرتے۔‘‘

یہ حدیث اپنے عموم کے اعتبار سے سب اوقات کو شامل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ: 130

محدث فتویٰ